میڈیا کوآرڈینیٹر آفس

جامعہ ملیہ اسلامیہ

نئی دہلی

02/08/2018

# معروف ارضیاتی سائنسداں کا ہمالیہ، قراقرم اور تبت کے علم ارضیات پر لیکچر

نئی دہلی: انگلستان واقع آکسفورڈ یونیورسٹی کے پروفیسر اور ارضیات کے ماہر سائنسداں پروفیسر میتائل پی شارلے نے آج جامعہ ملیہ اسلامیہ میں ''ہند و ایشیا، تصادم، ہمالیہ، قراقرم اور تبت کے علم ارضیات'' کے موضوع پر توسیعی خطبہ پیش کیا۔ اس کا اہتمام یونیورسٹی کے شعبہ جغرافیہ نے کیا تھا۔

جامعہ ملیہ اسلامیہ کے وائس چانسلر پروفیسر طلعت احمد جو کہ بذات خود ایک معروف ہندوستانی ماہر ارضیات اور سائنس داں ہیں نے اس اجلاس کی صدارت کی۔

پروفیسر سارلے نے دلچسپ خطبہ پیش کیا جس میں انھوں نے ہمالیہ، قراقرم اور تبت کے علم ارضیات کے متعلق تفصیل سے روشنی ڈالی اور بتایا کہ کس طرح یہ خطہ کو محفوظ رکھے ہوئے ہے۔ اس سلسلہ میں انھوں نے تقریباً سو تصویری سلائڈس کے ذریعہ ایک ایک نکات پر روشنی ڈالی۔

پروفیسر طلعت احمد نے پروفیسر شارلے کی علمی و تحقیقی خدمات کو سراہا اور کہا کہ جامعہ کے لئے یہ فخر کی بات ہے کہ پروفیسر شارلے جیسے باعلم افراد یہاں تشریف لا رہے ہیں جن سے جامعہ کو استفادہ کا موقع مل رہا ہے۔ انھوں نے کہا کہ نوجوان محققین اور طلباء پروفیسر شارلے کی علمی کارناموں سے فائدہ اٹھائیں گے۔

پروفیسر طلعت احمد جو کہ چھتیسویں بین الاقوامی جیوگرفیکل کانگریس کے سائنٹفک پروگرامنگ کمیٹی کے سربراہ بھی ہیں جو کہ 2020 میں ہندوستان میں منعقد ہوگا۔ انھوں نے بتایا کہ پروفیسر شارلے کا اس موضوع پر جیوگرفیکل کانگریس میں بھی وقیع خطبہ ہوگا۔

اس موقع پر ڈاکٹر اولیور اسٹرمپل ایم آئی ٹی بوسٹن، آئی جی سی کے جنرل سکریٹری ڈاکٹر پی آر گولانی اور داکٹر گھوش کے علاوہ جامعہ ملیہ اسلامیہ کے پراکٹر پروفیسر ہارون سجاد اور سینئر فیکلٹی ممبران اور اساتذہ وطلباء نے شرکت کی۔

ڈاکٹر لبنیٰ صدیقی نے تعارفی کلمات پیش کئے جبکہ شعبہ جغرافیہ کے سربراہ پروفیسر مسعود احسن صدیقی نے کلمات تشکر پیش کئے۔

جاری کردہ:

ڈاکٹر صائمہ سعید

میڈیا کوآرڈینیٹر آفس

جامعہ ملیہ اسلامیہ

نئی دہلی